**PAKISTAN REFINERY LIMITED**
KORANGI CREEK ROAD, KARACHI

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان ریفائنری لمیٹڈ (''کمپنی'') کے شیئر ہولڈرز کا 58واں سالانہ اجلاسِ عام بروز پیر، 26 نومبر 2018 صبح 10 بجے، بمقام میریٹ ہوٹل، کراچی میں درجِ ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا:

**الف) عمومی کاروبار**

1۔ 30 جون 2018 کو ختم شدہ سال کے لیے آڈٹ شدہ حسابات اور اس کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور اور منظوری۔

2۔ آئندہ سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز، اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہلیت کی بنیاد پر خود کو دوبارہ انتخاب کے لیے پیش کیا ہے۔

**ب) دیگر کاروبار**

3۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس کے روبرو پیش ہونے والے کسی دیگر کاروبار پر غور۔

حسب الحکم بورڈ

عاصم حمید آخوند
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 19 اکتوبر، 2018

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 20 نومبر 2018 تا 26 نومبر 2018 (بشمول دونوں دِن) تک بند رہیں گی اور اس عرصے میں شیئرز کا کوئی ٹرانسفر رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔ بروز پیر، بتاریخ 19 نومبر 2018 کاروباری دن کے اختتام کار تک جو ٹرانسفرز، کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر میں باضابطہ موصول ہوں گے انہیں سالانہ اجلاس عام کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔ رجسٹرار کا پتہ: F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔

2۔ تمام ممبران اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتے ہیں۔ ممبر اپنی جگہ کسی پراکسی کا تقرر بھی کرسکتا ہے، حسب ضابطہ پراکسی دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی میں مقررہ اجلاس سے 48 گھنٹے قبل جمع کرانا ضروری ہے۔

3۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے پتے سے متعلق کسی بھی قسم کی تبدیلی ہوئی ہے تو وہ کمپنی کو مطلع کرے۔

4۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل تجویز کردہ ہدایات پر سرکلر نمبر 1 کا 2000 کے مطابق بتاریخ 26 جنوری 2000 پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**الف) اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق مندرج ہیں وہ اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کریں گے۔

ii۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کریں گے (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کیئے گئے ہیں)۔

**ب) پراکسیز کے تقرر کے لیے:**

i۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا فرد جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد کے مطابق مندرج ہیں وہ مندرجہ بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی لازمی ہے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج کیئے جائیں گے۔

iii۔ بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

iv۔ پراکسی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کریں گے۔

v۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی، بمع نامزد فرد (جو کارپوریٹ ادارے کی جانب سے اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا مجاز ہو) کے دستخط کا نمونہ، پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کروانا لازمی ہے (پہلے جمع نہ کرانے کی صورت میں)۔

5۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کی تحویل میں فیزیکل شیئر ہیں انہیں چاہیئے کہ اپنے اصل قومی شناختی کارڈ اور یا ان شیئر ہولڈرز کے قومی شناختی کارڈ کی نقل اپنے ہمراہ لائیں جنہیں انہوں نے اپنا پراکسی مقرر کیا ہے، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے بغیر انہیں اجلاس میں شرکت اور یا شیئر ہولڈرز کے رجسٹرڈ میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

6۔ ای میل کے ذریعے سالانہ مالیاتی گوشواروں کی منتقلی: ایس آر او 787(1)2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے مطابق سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق پوسٹ کی جگہ ای میل کے ذریعے سے حصص یافتگان کے ایڈریس پر سالانہ اجلاس عام (AGM) کے نوٹس کے ساتھ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی منتقلی کے خواہش رکھنے والے اپنے ارادے سے آگاہ کریں جس کے لیے انہیں کمپنی کی ویب سائٹ http://www.prl.com.pk پر موجود درخواست فارم پر کرکے، دستخط کرکے اپنے CNIC یا پاسپورٹ کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھیجنا ہوگا۔ براہ مہربانی نوٹ فرمالیں کہ سالانہ مالیاتی گوشوارے کی پوسٹ کے ذریعے حاصل کرنے کے بجائے ای میل ایڈریس فراہم کرنا اختیاری ہے، اگر آپ اس سہولت کو حاصل کرنا نہیں چاہتے تو اس اطلاع کو نظرانداز کردیں۔ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ترسیل روایت کے مطابق آپ کے رجسٹرڈ ایڈریس پر کردی جائے گی۔

کمپنی کے سالانہ اکاؤنٹس برائے سال ختم شدہ 30 جون 2018 کمپنی کی ویب سائٹ http://www.prl.com.pk سے ڈائن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔

7۔ ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے لیے درخواست: کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کے مطابق اگر کمپنی کو کسی اور شہر میں رہائشی ایسے ممبران جو کمپنی کی 10 فیصد شیئر ہولڈنگ رکھتے ہوں اور سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی خواہش رکھتے ہوں، کی جانب سے ویڈیو کانفرنسنگ کی درخواست کی جائے، تو ان کے مطالبے پر کمپنی ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت فراہم کرے گی، جو اس شہر میں ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔ تاکہ وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرسکیں۔ ایسے ممبران درجِ ذیل فارم پر کرکے اجلاس سے کم از کم دس دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس پر بھیجیں۔

میں/ ہم، __________ برائے __________ پاکستان ریفائنری لمیٹڈ کے ایک ممبر کی حیثیت سے رجسٹر فولیو/ CDC اکاونٹ نمبر __________ کے مطابق __________ آرڈینری شیئرز کی تحویل رکھتا ہوں/ رکھتے ہیں۔

لہٰذا __________ کے مقام پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں/ کرتے ہیں۔

__________
دستخط ممبر

8۔ ایس آر او 470(1)/ 2016 بتاریخ 31 مئی 2016 کے مطابق سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ای میل DVD/ USB/ CD/ یا کسی اور الیکٹرونک ذریعے سے حصص یافتگان کے ایڈریس پر سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ ("سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس") کی گردش کی اجازت دی ہے۔ مذکورہ بالا کے تحت کمپنی نے اپنے شیئر ہولڈرز کو سالانہ رپورٹ DVD کی صورت میں بھیج دی ہے۔ شائع شدہ سالانہ رپورٹ برائے 2018 حاصل کرنے کے خواہشمند ممبران کمپنی ویب سائٹ پر موجود اسٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم پُر کرکے بھیج سکتے ہیں۔

Press Ad 44x3 Col